تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 07, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ڈسٹینس لرننگ کا طالب علم ترقی یافتہ بھارت ینگ لیڈرز ڈائیلاگ دو ہزار پچیس کی نمائندگی کے لیے منتخب

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اوپن اینڈ ڈسٹینس لرننگ (او ڈی ایل) کے پبلک ایڈمنسٹریشن میں ایم۔اے۔ میں زیر تعلیم طالب علم، اتل راگھو، یوتھ ویلفیئر اینڈ پراتیہ رکشا دل ڈپارٹمنٹ کے منعقدہ اتر پردیش پچ پرزینٹیشن چمپئن شپ میں پہلا مقام حاصل کر کے سرفہرست رہے جنہیں اب موقر ترقی یافتہ بھارت ینگ لیڈرز ڈائیلاگ دو ہزار پچیس میں اتر پردیش کی نمائندگی کے لیے منتخب کرلیا گیا ہے۔

اپنی شان دار کامیابی پر راگھو نے کہا ''او ڈی ایل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پروگرام پبلک ایڈمنسٹریشن میں فخر و مسرت کا احساس رکھنے والے ایم۔اے کے طالب علم کے طور پر مجھے یقین ہے کہ یہ کامیابی، تعلیمی سرگرمیوں کے تئیں میرے وقف ہونے اور میرے محترم اور باوقار ادارے کی طرف سے ملنے والے تعاون اور تحریک کو آشکار کرتی ہے۔

واضح ہو کہ ینگ لیڈرز ڈائیلاگ ایسا پلیٹ فارم ہے جو قومی ترقی اور عالمی چیلینجیز پر تبادلہ خیال کرنے اور چیلینجیز کو حل کرنے کے سلسلے میں ملک بھر سے نوجوان ابھرتے قائدین کو ایک ساتھ ایک جگہ پر لے آتا ہے۔اتل کی اور بھی حصولیابیاں ہیں جن میں یوتھ گیمز کونسل انڈیا کے بین الاقوامی تائیکونڈو ایتھلیٹ اور اسپورٹس کوآرڈینٹر کے خطابات شامل ہیں۔

راگھو نے مزید کہا کہ اس کامیابی سے انھیں اور اس کی تحریک وتشویق ملی ہے کہ وہ مزید بہتر کریں اور ادارے کی قدروں کی تائید کے ساتھ سماج میں مثبت تبدیلی کے لیے بامعنی انداز میں اپنا تعاون دیں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی